عزیزی اہلِ خانہ،

ہم امید کرتے ہیں کہ آپ اور آپ کے پیارے محفوظ اور صحت مند ہونگے۔

محکمئہ تعلیم (DOE) میں ہم سب بچوں اور اساتذہ کو اس سال دوبارا ملنے اور ملکر تعلیم حاصل کرتے ہوئے دیکھ کر بہت فخر محسوس کرتے ہیں۔ اس تمام عرصے میں، ہم جو کچھ کرتے رہے ہیں، صحت اور حفاظت کو اپنے پیش نظر رکھا ہے۔

اس عارضی طور پر پبلک اسکول بند ہونے کے دوران، محکمئہ تعلیم کے برادری پر مبنی اداروں میں ابتدائی طفلی پروگرام اور بچوں کے دیکھ بھال کے ادارے بذات خود موجودگی خدمات کے لیے کھلے رہیں گے۔ **آپ کو یہ خط اس لیے موصول ہو رہا ہے کیونکہ آپ ک بچہ ایک ابتدائی طفلی پروگرام میں شرکت کر رہا ہے جوکہ عارضی طور پر پبلک اسکول بند ہونے کے دوران، بذات خود موجودگی خدمات کے لیے کھلا رہے گا۔**

ہم جانتے ہیں کہ ابتدائی نگہداشت اور تعلیم آپ کے بچے کے لیے بہت ضروری ہے اور آپ کو یقین دلانا چاہتے ہیں کہ آپ کے خاندان کی حفاظت ہماری اعلیٰ ترین ترجیح ہے۔ ہم آپ کے بچے کے پروگرام کی معاونت کر رہے ہیں تاکہ تعلیم کے لیے ہمیشہ ایک محفوظ ماحول برقرار رکھا جائے۔ ابتدائی طفلی پروگراموں میں صحت اور حفاظت کے طریقوں کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، آپ اسکا جائزہ لے سکتے ہیں Health and Safety Guidance for Early Childhood Families bit.ly/ECEathome.

ذیل میں آپکے اہل خانہ کے لیے چند اہم یاد دہانیاں ہیں:

- آپ کے بچے، **اور انکے پروگرام کے عملے کو COVID-19** جانچ کرانے کے لیے شہر گیر 22 جانچ کے مقامات میں ترجیح حاصل ہے اور جانچ بغیر کسی ادائیگی کے ہوگی اور فوری نتائج ملیں گے۔ مزید معلومات کے لیے، آپ Health and Safety page پر اس DOE کی اس ویب سائٹ پر جا سکتے ہیں۔ schools.nyc.gov/returntoschool2020).
- اگر آپ کا بچہ **لرننگ بریجز پروگرام** میں شرکت کر رہا ہے، یہ بھی عارضی اسکول بند ہونے کے دوران کھلا رہے گا۔ لرننگ بریجز کے بارے میں مزید جاننے اور درخواست دینے کے لیے آپ یہاں یہاں جا سکتے ہیں schools.nyc.gov/learningbridges یا 311 پر کال کریں۔
- **"چار بنیادی"** مشقیں جاری رکھیں: اپنے ہاتھ دھوئیں، چہرے کا ماسک پہنے، دوسروں سے چھ فٹ کا فاصلہ رکھیں، اور اگر آپ بیمار محسوس کریں گھر پر رہیں۔

ہم اس تبدیل ہوتے ہوئے عوامی طبی بحران کے دوران تازہ ترین خبریں فراہم کرنا اور محکمئہ تعلیم خاندان میں آپ اور ہر ایک فرد کی معاونت کرنا جاری رکھیں گے۔ اس دوران برائے مہربانی اپنے کسی بھی سوالات اور خدشات کے لیے اپنے بچے کے پروگرام سے بلاجھجک رابطہ کریں۔ آپ کی شراکت اور جو کچھ بھی آپ ہمارے شہر کے لیے کرتے ہیں اس کے لیے ہم آپ کے مشکور ہیں۔

بخلوص،
شعبہ برائے ابتدائی طفلی تعلیم

NYC Department of Education